کون سی بددعا قبول ہوتی ہے اور کون سی نہیں؟

مجیب: ابو مصطفیٰ کفیل عطاری مدنی

فتوی نمبر: Web-135

تاریخ اجراء: 23شعبان المعظم1443ھ/26مارچ2022ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیان شرع متین اس مسئلے کے بارے میں کہ کیا کسی کی بددعا قبول ہوتی ہے یا نہیں؟

بِسۡمِ اللہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡجَوَابُ بِعَوۡنِ الۡمَلِکِ الۡوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الۡحَقِّ وَالصَّوَابِ

بددعا دو قسم کی ہوتی ہے ایک وہ کہ جس میں بددعا دینے والا حقیقتاً دل سے یہ نہیں چاہتا کہ جسے بددعا دے رہا ہے اسے نقصان ہو لیکن محض وقتی غصے کی وجہ سے لعن طعن کرتے ہوئے بددعا دے دیتا ہے ایسی بددعا کے حوالے سے حدیث شریف میں ہے: ”انی سألت اللہ عزوجل ان لا یقبل دعاء حبیب علی حبیبہ“ یعنی میں نے اللہ تعالی سے دعا کی کہ وہ حبیب کی حبیب کے لیے کی گئی بددعا کو قبول نہ فرمائے۔ (مسند فردوس، جلد:1، صفحہ:65، مطبوعہ بیروت)

دوسری وہ کہ جس میں بددعا دینے والا حقیقتاً دوسرے شخص کا نقصان چاہے جیسے بسا اوقات اولاد کی نافرمانی جب حد سے گزر جائے اور والدین کے دل میں اولاد کے لیے نفرت آجائے تو اس وقت والدین بددعا کر دیتے ہیں تو ایسی بددعا کے حوالے سے احادیث میں آتا ہے یہ دعا رد نہیں ہوتی۔

فضائل دعا میں ہے: ”بددعا دو طور پر ہوتی ہے: ایک یہ کہ داعی (یعنی دعا کرنے والے) کا قلب حقیقۃً اس کا ضرر (نقصان) نہیں چاہتا، یہاں تک کہ اگر واقع ہو تو خود سخت صدمے میں گرفتار ہو جیسے ماں باپ غصے میں اپنی اولاد کو کوس لیتے ہیں مگر دل سے اس کا مرنا یا تباہ ہونا نہیں چاہتے اور اگر ایسا ہو تو اس پر ان سے زیادہ بے چین ہونے والا کوئی نہ ہوگا دیلمی کی حدیث میں اسی قسم بددعا کے لیے وارد کہ حضور رؤوف الرحیم رحمۃ للعالمین صلی اللہ تعالی علیہ وسلم نے اس کا مقبول نہ ہونا اللہ تعالی سے مانگا۔۔۔ دوسرے اس کے خلاف کہ داعی کا دل حقیقۃً اس سے بیزار اور اس کے ضرر کا خواستگار ہے اور یہ بات ماں باپ کو معاذ اللہ اسی وقت ہوگی جب اولاد اپنی شقاوت سے عقوق کو اس درجۂ حد سے

گزار دے کہ ان کا دل واقعی اس کی طرف سے سیاہ ہو جائے اور اصلاً محبت نام کو نہ رہے بلکہ عداوت آجائے، ماں باپ کی ایسی ہی بددعا کے لیے فرماتے ہیں کہ رد نہیں ہوتی (ملتقطا)"۔ (فضائل دعا، صفحہ:214، مطبوعہ مکتبۃ المدینہ)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَ رَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net